اسٹیٹن آئرلینڈ فیری لٹریچر کی تقسیم کے پرمٹ سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات

1. پرمٹ کی درخواست پر کارروائی ہونے میں کتنا وقت لگتا ہے؟
   a. پرمٹ کی درخواست پر کارروائی میں تین سے پانچ کاروباری دن لگتے ہیں۔
2. پرمٹس کس طرح جاری ہوتے ہیں؟
   a. پرمٹس کی ایک منتخب تعداد روزانہ *پہلے آئیں، پہلے پائیں* کی بنیاد پر ہوتی ہے، اور منظوری کی ضمانت نہیں ہے۔
3. میں اپنے ساتھ کتنے لوگوں کو لا سکتا ہوں ان کی زیادہ سے زیادہ تعداد کیا ہے؟
   a. لٹریچر کی تقسیم کا پرمٹ – ایک ہی پرمٹ کے تحت لٹریچر تقسیم کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ تین (3) افراد کی اجازت ہے۔
4. کیا میں کھانا اور کپڑے تقسیم کر سکتا ہوں؟
   a. نہیں، ہمارے ٹرمینلز میں اور ہماری فیری بوٹس پر کھانے اور کپڑے کی تقسیم ممنوع ہے۔
5. کیا میں کسی بھی قسم کا لٹریچر تقسیم کر سکتا ہوں؟
   a. ہم سٹی کی پراپرٹی (NYC ایگزیکیٹو آرڈر 44) پر الکحل کی تشہیر کرنے والے لٹریچر کی تقسیم کی اجازت نہیں دیتے ہیں۔
6. کیا آپ پرمٹ یافتگان کے لیے پارکنگ فراہم کرتے ہیں؟
   a. نہیں، ہم پرمٹ یافتگان کے لیے پارکنگ فراہم نہیں کرتے ہیں۔
7. کیا میں لٹریجر تقسیم کرنے کے لیے میزیں یا ٹیکن کا استعمال کر سکتا ہوں؟
   a. نہیں، میزوں، ڈھانچوں، ایزل، تپائیوں، یا کسی ٹیکن کی اجازت نہیں ہے۔
8. ہمیں اپنا پرمٹ استعمال کرنے کے دوران کیا آپ ہمارا سامان اسٹور کر سکتے ہیں؟
   a. نہیں، ہم پرمٹ یافتگان کے لیے اسٹوریج فراہم نہیں کرتے ہیں۔
9. کیا پرمٹ کی درخواست کرتے ہوئے وقت کی کوئی قید ہے؟
   a. آپ کے وقت کی رینج کے لیے کوئی حد نہیں ہے۔ تاہم، فی درخواست پانچ تاریخوں کی درخواستوں کی حد ہے۔
10. کیا پرمٹ کی درخواست کسی بھی دن/تاریخ کے لیے جمع کرائی جا سکتی ہے؟
    a. پرمٹس ڈپٹی کمشنر کی صوابدید پر سٹی آف نیویارک کے چنندہ ایونٹس یا تعطیلات کے مدنظر جاری نہیں کیے جاتے ہیں۔
11. کیا ہم ٹرمینلز اور فیری بوٹس میں کہیں بھی لٹریچر تقسیم کر سکتے ہیں؟
    a. آپ صرف وائٹ ہال، سینٹ جارج، یا دونوں کے ٹرمینلز میں لٹریچر تقسیم کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

NYC Department of Transportation
Staten Island Ferry Division
One Ferry Terminal Drive, Staten Island, NY 10301
ٹیلیفون: 212.839.3061 ای میل: FerryPermitRequest@dot.nyc.gov
nyc.gov/dot